ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in

آر بی آئی/2019-20/69   01 جولائی 2019

ماسٹر ڈائرکشن ڈی سی ایم (سی سی) نمبر.جی 6/03.41.01/2019-20

دی چیئرمین اینڈ مینجنگ ڈائریکٹر/

چیف ایگزیکٹیو آفیسرس،

سبھی بینکیں

محترمہ/محترم!

نقدی تقسیم اور تبادلاتی اسکیم (سی ڈی ای ایس)
عوام کو صارف خدمت فراہم کرنے کی بنیاد پر۔ ماسٹر ڈائریکشن

آر بی آئی ایکٹ 1934 کے سیکشن 45 کی تمہید و بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کی شرائط کے مطابق بینک کی کلین نوٹ پالیسی کے مقاصد کو بروئے کار لانے کے لئے بینک نے ہدایات/ رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔ ان مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے ریزرو بینک نے کرنسی ڈسٹریبیوشن اینڈ ایکسچینج اسکیم (سی ڈی ای ایس) کو محرک بنانے کے لئے مالِ زر دینے کو ایک اسکیم بنائی ہے۔ تاکہ سبھی بینک برانچیں عوام کو بہتر خدمات فراہم کرنے کو یقینی بنائیں۔

2- اس ماسٹر ڈائریکشن میں وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی ہدایات کو شامل کیا گیا ہے۔ جب بھی کوئی نئی ہدایات اس سے متعلق جاری ہوں گی اس کو اپ ڈیٹ کر دیا جائے گا۔

3- اس ماسٹر ڈایریکشن کو آر بی آئی کی ویب سائٹ www.rbi.org.in پر رکھ دیا گیا ہے۔

آپ کا مخلص

(مانس رنجن موہنتی)

چیف جنرل منیجر

منسلک: مندرجہ بالا ماسٹر ڈائریکشن

اینکس

عوام کو بہتر کسٹمر سروس فراہم کرنے کی بنیاد پر، کرنسی ڈسٹربیوشن اینڈ ایکسچینج اسکیم (سی ڈی ای ایس) جو بینک برانچوں بشمول کرنسی چیسٹوں کے لئے ہے پر سرکلر

1- ریزرو بینک کی کلین نوٹ پالیسی کے مقاصد کو حاصل کرنے کو دھیان میں رکھتے ہوئے عوام کو بہتر کسٹمر سروس مہیا کرانے (نوٹوں اور سکوں کی تبدیلی سے متعلق) بینک برانچوں اور کرنسی چیسٹوں کے لئے ''کرنسی ڈسٹربیوشن اینڈ ایکسچینج اسکیم''عمل میں لائی گئی ہے۔

2- محرک کے طور پر مالِ زر (انسیٹوز)

اس اسکیم کے مطابق نوٹوں اور سکوں کو بدلنے کی سہولت فراہم کرنے کے عوض بینکوں کو مندرجہ ذیل مالیاتی محرکات حاصل ہوں گے۔

محرکات کی تفصیل	سروس کی نوعیت	نمبر شمار
(a) پونجی خرچ (کیپٹل کاسٹ) فی چیسٹ 50 لاکھ روپیہ کی سیلنگ کی شرط کے ساتھ چیسٹ کھولنے اور رکھ رکھاؤ خرچ کا 50% (آدھا) بھگتان۔ شمال مشرقی علاقوں میں 50 لاکھ روپیہ کی سیلنگ کے تحت 100% (کل پونجی خرچ) بھگتان۔ (b) پہلے 3 سال تک محصول خرچ کا 50% بھگتان شمال مشرقی علاقوں کے لئے پہلے 5 سال تک محصول خرچ کا 50% بھگتان۔	بینکوں کی ریاست (علاقہ) میں ایک لاکھ سے کم آبادی والی مراکز میں کرنسی چیسٹوں کو کھولنا اور ان کا رکھ رکھاؤ۔	(i)
(a) خراب (سوائلڈ) نوٹوں کو بدلنا۔ 50 روپیہ تک کی قیمت والے بینک نوٹوں کو بدلنے کے عوض 2 روپیہ فی پیکٹ کے حساب سے بھگتان۔ (b) کٹے پھٹے نوٹوں کو بدلنے پر دعویٰ۔ فی نوٹ 2 روپیہ	خراب نوٹوں/ کٹے پھٹے نوٹوں کو بینک برانچوں سے کاؤنٹرس پر تبدیل کرنا۔	(ii)
(i) کاؤنٹر پر سکوں کو باٹنٹے پر فی بیگ (تھیلا) 25 روپیہ۔ (ii) انسیٹوز کا بھگتان کرنسی چیسٹ سے سکوں کی نکاسی کی بنیاد پر کیا جائے گا اس کے لئے بینکوں سے دعویٰ کرنے کے انتظار کی ضرورت نہیں ہو گی۔ (iii) بینکوں کو ایک چیک اینڈ بیلنس سسٹم بنانا ہوگا اور یہ یقینی بنانا ہوگا کہ سکوں کو پھٹکر گاہکوں کو دیا جائے نہ کہ بڑے گاہکوں کو بہت زیادہ مقدار (بلک) میں۔ (iv) سکوں کی تقسیم پر نظر رکھنے کے لئے آر بی آئی کے علاقائی دفتروں کو کرنسی چیسٹوں کا انسپکشن اور گاہے بگاہے بینک برانچوں کا دورہ کرنا۔	بینک کاؤنٹرس پر سکوں کی تقسیم۔	(iii)

3- کارکردگی کی بنیاد پر مالیاتی محرکات (انسیٹوز) حاصل کرنے کے لئے آپریشنل رہنما خطوط۔

(i) خراب (سوائلڈ) نوٹوں کی تبدیلی آر بی آئی کے ایشو آفس میں ان کے حقیقی حصول کی مطابقت سے انسینٹو ز کا بھگتان کیا جائے گا۔ بینکوں کو الگ سے اس معاملہ میں بھگتان کے لئے کوئی دعویٰ پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے، کرنسی چیسٹ برانچ لنکڈ برانچوں سے خراب (سوائلڈ) نوٹوں سے حصول کے بعد مقررہ شرح کے حساب سے ان برانچوں کو انسینٹو ز منظور کر دے گی۔

(ii) اسی طرح سے کٹے پھٹے نوٹوں جو سوائلڈ نوٹوں کے ساتھ الگ الگ مہر بند لفافوں میں رجسٹرڈ (بیمہ شدہ) آر بی آئی کے سیل کور کے ساتھ موصول ہوں گے ان کا بھگتان کیا جائے گا۔ اس کے لئے الگ سے کوئی دعویٰ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔